احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

جمعرات 2 ستمبر 2010ء

روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

جمعرات 2 ستمبر 2010ء 22 رمضان 1431 ہجری 2 تبوک 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 184

نفلی روزے

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے سوائے رمضان کے کبھی پورے مہینے کے روزے نہیں رکھے اور آپؐ روزے رکھتے یہاں تک کہ کہنے والا کہتا: بخدا آپؐ روزہ نہیں چھوڑیں گے اور روزہ چھوڑتے یہاں تک کہ کہنے والا کہتا: بخدا آپؐ روزہ نہیں رکھیں گے۔

(صحیح بخاری کتاب الصوم باب مایذکر من صوم النبی حدیث نمبر:1835)

ارشادات عالیہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی

انسان کو روزوں میں جو تکالیف برداشت کرنی پڑتی ہیں۔ان سے اپنی کمزوری کا علم ہو جاتا ہے ایک تو غریبوں کی حالت معلوم ہوتی ہے۔ دوسرے اپنی کمزوری کا بھی پتہ لگتا ہے۔ گرمی کی شدت میں جب پانی نہیں ملتا اور موت کی سی حالت ہونے لگتی ہے تو اس کو فنا کا خیال آتا ہے اور یہ خیال گیارہ مہینہ تک اس کے پیش نظر رہتا ہے۔ پس روزوں کے مقرر کرنے میں یہ بھی فائدہ ہے کہ انسان روزے کی تکلیف سے موت کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے کیونکہ جب انسان کو اپنی کمزوری کا احساس ہوتا ہے تو وہ خدا کی طرف توجہ کرتا ہے۔

مشہور ہے کہ کند ہم جنس با ہم جنس پرواز جسم چونکہ مادی ہے اس لئے مادیت کی طرف جھک جاتا ہے۔ لیکن جب انسان مادی چیزوں سے بچتا ہے تو ملائکہ کو اس کی طرف توجہ ہوتی ہے پہلے تو یہ تھا کہ ملائکہ کی طرف روح روزوں میں متوجہ ہوتی ہے۔ اب یہ ہوتا ہے کہ ملائکہ اس سے تعلق پیدا کرنا چاہتے ہیں اور اس کو نیک تحریکیں کرتے ہیں اس کی مثال میں واقعات موجود ہیں۔ مثلاً یہی کہ احادیث میں آتا ہے۔ رمضان شریف میں جبریل نبی کریمؐ کے ساتھ قرآن کریم کا دورہ کرنے کے لئے آیا کرتے تھے۔

(بخاری کتاب الصوم باب اجودما کان النبیؐ یکون فی رمضان)

دیکھو جبریل تو آپؐ کے پاس بغیر رمضان کے بھی آیا کرتے تھے لیکن رمضان میں ان کا آنا اور حیثیت کا تھا پہلے دنوں میں بطور فرض کے آتے تھے مگر رمضان میں دوست کی حیثیت سے آتے تھے۔ پس رمضان میں انسان کو ملائکہ سے ایک نسبت پیدا ہو جاتی ہے۔

رمضان کے دنوں میں انسان سحری کے لئے اٹھتا ہے اور اس طرح عبادت کا موقع ملتا ہے اور اس وقت تہجد پڑھتا ہے اور تہجد نفس کی اصلاح کے لئے ضروری ہے اگرچہ رمضان میں اٹھتا تو کھانا کھانے کے لئے ہے لیکن اس کو شرم آجاتی ہے کہ جب اٹھا ہوں اور وقت بھی ہے تو کیوں تہجد نہ پڑھوں اور جب پڑھتا ہے تو اسے روحانیت حاصل ہوتی ہے کیونکہ تہجد نفسانیت کو توڑنے اور اس کی اصلاح کے لئے ضروری ہے جیسا کہ خدا تعالیٰ فرماتا ہے (۔) (المزمل: 7) رات کا اٹھنا بہت سخت ہے اور نفس کے کچلنے اور اصلاح کرنے کے لئے بڑا ہتھیار ہے پس جب انسان کھانا کھانے کے لئے اٹھتا ہے تو تہجد بھی پڑھتا ہے جو ''اشدوطاً'' ہے اور نفس کی اصلاح کے لئے ہتھیار ہے اور یہ ایک مہینہ کی مشق سارے سال میں کام آتی ہے۔ جیسا کہ پہاڑ پر ایک دو مہینہ رہنا باقی سال کے لئے مفید ہوتا ہے۔ یا کمزوری صحت کو دور کر دیتا ہے اور اس ایک مہینہ میں جسم کو بہت فائدہ پہنچ جاتا ہے۔ اسی طرح رمضان میں ایک مہینہ تہجد پڑھنا مفید ہو جاتا ہے۔

(الفضل 25 مئی 1922ء)

اپنی اولادوں کو آگ میں گرنے سے بچائیں

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:۔

''نوجوان لڑکوں لڑکیوں کو جماعتی نظام سے اس طرح جوڑیں، اپنی تنظیموں کے ساتھ اس طرح جوڑیں کہ دین ان کو ہمیشہ مقدم رہے اور اس بارے میں ماں باپ کو بھی جماعتی نظام سے یا ذیلی تنظیموں سے بھرپور تعاون کرنا چاہئے۔ اگر ماں باپ کسی قسم کی کمزوری دکھائیں گے تو اپنے بچوں کی ہلاکت کا سامان کر رہے ہوں گے۔ خاص طور پر گھر کے جو نگران مرد ہیں یعنی ان کا سب سے زیادہ یہ فرض ہے اور ذمہ داری ہے کہ اپنی اولادوں کو اس آگ میں گرنے سے بچائیں جس آگ کے عذاب سے خدا تعالیٰ نے آپ کو یا آپ کے بڑوں کو بچایا ہے اور اپنے فضل سے زمانے کے امام کو ماننے کی توفیق عطا فرمائی ہے۔''

(خطبہ جمعہ فرمودہ 23/اپریل 2010ء۔ الفضل انٹرنیشنل 14 مئی 2010ء)

نمایاں کامیابی

مکرمہ ڈاکٹر امۃ النصیر سمیع صاحبہ جوہر ٹاؤن لاہور تحریر کرتی ہیں۔

میرے بیٹے محمد انور ابن مکرم ڈاکٹر میجر (ر) محمد اسلم صاحب نے محض خدا تعالیٰ کے فضل وکرم سے کیمبرج کے او لیول کے امتحان میں 11As* اور IGCSE 2As اور میں ایک A* حاصل کیا ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ خدا تعالیٰ موصوف کیلئے یہ کامیابی مبارک کرے اور مزید کامیابیوں کا پیش خیمہ بنائے۔ آمین

عید الفطر
خوشیوں کا ایک عظیم دن

مکرم طاہر محمود احمد صاحب

خدا تعالیٰ کے فضلوں اور برکتوں سے معمور مہینہ رمضان المبارک گزر جاتا ہے اور اپنے بعد ایک عظیم خوشیوں کے دن کی نوید دے جاتا ہے جس سے ہر بچے، بوڑھے اور جوان کے دل میں مسرت کی لہر دوڑ جاتی ہے۔ یکم شوال عید الفطر کا دن ایک عظیم دن ہے جس میں ایک مرکزی مقام پر اکٹھے ہو کر سجدات شکر بجالاتے ہیں کہ خدا تعالیٰ نے ایک ماہ پر محیط روحانی اور جسمانی مجاہدہ کی توفیق دی اور اس میں ہمیں سرخرو کیا۔

عید الفطر کے لفظی معنی

عید الفطر کے لفظی معنی ہیں روزہ چھوڑنے کی تقریبِ خوشی۔ یہ عید ان روزہ داروں کے لئے جشنِ مسرت ہے جنہوں نے رمضان المبارک میں بھوکا پیاسا رہ کر رضائے ربانی حاصل کی ہے۔ رمضان المبارک کے جملہ احکام و مسائل اور مقاصدِ عالیہ کے پیشِ نظر یہ عید الفطر اس مقصد کے لئے ہے کہ پورے ایک ماہ کی روحانی ریاضت نے ہمارے اندر اطاعت، فدائیت، عقیدت، محبت اور تسلیم و رضاء کا جو جذبہ پیدا کیا ہے اس پر ہم خوش ہیں اور ہم اس کا عہد کرتے ہیں کہ ہم نے اپنے اندر ایک تعمیری انقلاب پیدا کیا ہے۔

عید الفطر رمضان کے بعد آتی ہے۔ خدا تعالیٰ نے انسان کو اس میں ایک حقیقت سمجھا دی ہے کہ خوشی، مجاہدہ اور قربانی کے بعد ہی حاصل ہوتی ہے۔ انسان ایک ماہ تک مسلسل روزے اور دوسری عبادات بجالا کر ایک مجاہدہ کرتا ہے تب جا کر اس کو خوشی کا دن نصیب ہوتا ہے۔

اللہ نے ہر مسرت اور خوشی کے موقعہ پر آستانہ خداوندی پر مزید جھکنے کی تاکید فرمائی ہے۔ چنانچہ عید کے روز بھی پانچ نمازوں کے علاوہ دو رکعت مزید ادا کرنے کی ہدایت فرمائی۔ اس میں یہ ہدایت ہے کہ حقیقی اور دائمی خوشی قربِ الٰہی پانے اور اللہ تعالیٰ کی عبادت بجالانے میں ہے۔

عید کا دن مومنوں کے لئے عظیم بشارت لاتا ہے۔ حضرت انسؓ کی روایت ہے کہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

جب عید الفطر کا دن ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اپنے فرشتوں میں بطور فخر ذکر فرماتا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ اے میرے فرشتو! بتاؤ کہ جو مزدور اپنا عمل پورا کردے اس کا کیسا بدلہ ہونا چاہئے۔ فرشتے عرض کرتے ہیں کہ اے ہمارے رب! اس کا بدلہ یہ ہے کہ اسے پورا پورا اجر دیا جائے۔ پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ اے فرشتو! میرے بندے اور میری بندیاں میرے فرض کردہ عمل (رمضان کے روزوں) کو پورا کر کے اب عیدگاہ میں عاجزانہ دعائیں کرتے ہوئے حاضر ہو گئے ہیں۔ مجھے اپنی عظمت، اپنے جلال، اپنی بلند شان اور اعلیٰ مرتبہ کی قسم ہے کہ میں ان کی دعاؤں کو ضرور قبول کروں گا۔ پھر اللہ تعالیٰ مومنوں سے فرماتا ہے کہ میں نے تمہارے گناہ بخش دیئے۔ اب اپنے گھروں کو لوٹو۔ چنانچہ وہ مغفرت حاصل کر کے واپس ہوتے ہیں۔" (الھیثمی)

صدقۃ الفطر

صدقۃ الفطر فرض ہے جو گھر کے تمام افراد کی طرف سے ادا ہونا چاہئے۔ شرعی اصطلاح میں صدقۃ الفطر کا مفہوم یہ ہے کہ روزہ دار کی غلطیوں اور لغزشوں کا کفارہ اور اس کی تلافی کے لئے ایک ذریعہ مساکین کی مالی خدمت و اعانت ہے۔ چنانچہ حدیث میں آیا ہے:۔

ترجمہ۔ حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقۃ الفطر ایک صاع کھجور یا جَو کا ہر غلام، آزاد، مرد، عورت، بالغ اور نابالغ پر فرض کیا ہے۔

(بخاری و مسلم)

ایک حدیث میں تو آپ نے یہاں تک فرمایا ہے کہ بغیر صدقۃ الفطر کی ادائیگی کے روزہ کی قبولیت نہیں ہوتی۔ یہ صدقۃ الفطر رمضان کے مہینہ کے ختم ہونے سے پہلے ادا کرنا ضروری ہے اور گھر کے ہر فرد کی طرف سے ادا ہونا ضروری ہے تاکہ مساکین بھی عید کی خوشی میں شریک ہو سکیں۔ صدقۃ الفطر عملی ثبوت اور دلیل ہے کہ روزوں کی غرض پوری کر دی گئی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقۃ الفطر کی حکمت "طھرة للصیام وطعمة للمساکین" کے الفاظ میں بیان فرمائی ہے۔ یعنی صدقۃ الفطر روزوں کی پاکیزگی کا باعث ہے اور مساکین کے لئے غذا و خوراک ہے۔ صدقۃ الفطر کو مختلف روایات میں زکوٰۃ الصوم، زکوٰۃ الفطر اور زکوٰۃ رمضان کے نام سے بھی موسوم کیا گیا ہے۔ یہ صدقہ انفرادی اور اجتماعی فوائد کو لئے ہوئے ہے۔ صدقۃ الفطر کی ادائیگی اُس نومولود بچہ کی طرف سے بھی ضروری ہے جو عید الفطر کی نماز سے پہلے پیدا ہوا ہو۔

حضرت انسؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم عید الفطر کے دن گھر سے کچھ کھجوریں کھا کر عید کے لئے جایا کرتے تھے اور حضورؐ طاق تعداد میں کھجوریں تناول فرماتے تھے۔

حضرت جابرؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم عید کے دن عیدگاہ کو جانے کے لئے اور واپسی کے لئے علیحدہ علیحدہ راستہ اختیار فرماتے تھے۔

پس مسنون طریق یہ ہے کہ عید کو جاتے اور آتے ہوئے راستہ تبدیل کیا جائے درحقیقت یہ عمل میں بہتر تبدیلی پیدا کرنے کے لئے اشارہ ہے۔

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ عید الفطر کے روز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعت نماز عید ادا فرمائی ان دو رکعتوں سے پہلے یا پیچھے حضورؐ نے اور کچھ نہیں پڑھا۔

عید کے مقام پر اس دن سوائے دو رکعت نماز عید کے کوئی نوافل نہیں پڑھے جاتے۔

حضرت جابرؓ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک یا دو مرتبہ نہیں بلکہ بارہا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عید الفطر اور عید الاضحیٰ پڑھی ہیں مگر ہمیشہ بغیر اذان اور بغیر اقامت کے۔

حضرت ابن عمرؓ روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ ہمیشہ عید کی نماز خطبہ سے پہلے پڑھا کرتے تھے۔

حضرت کثیرؓ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دونوں عیدوں کی نماز میں پہلی رکعت میں قراءت سے پہلے سات تکبیریں کہتے تھے اور دوسری رکعت میں قراءت سے پہلے پانچ تکبیریں کہتے تھے۔

یہ تکبیریں عیدین کے موقعہ پر خاص طور پر اللہ تعالیٰ کی کبریائی کے اظہار کے لئے مقرر ہیں۔

حضرت ابوہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ ایک دفعہ عید کے دن بارش تھی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو مسجد میں نماز عید پڑھائی۔

عام حالات میں نماز عید کھلے میدان میں پڑھی جاتی ہے۔ ضرورت کے لئے بیت الذکر میں بھی پڑھی جاسکتی ہے۔

عید الفطر کے متعلق چند اہم باتوں کا خلاصہ

(1) صدقۃ الفطر ادا کر کے عیدگاہ کی طرف روانہ ہوں (2) عید کے دن غسل کرنا مستحب ہے۔ (3) خوشبو کا استعمال کرنا مسنون ہے۔ (4) عید الفطر کی نماز میں کچھ نہ کچھ کھا کر شامل ہونا سنت ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم طاق کھجوریں کھایا کرتے تھے۔ (5) پیدل چلنا سنت ہے۔ آتے اور جاتے وقت راستہ تبدیل کریں (6) نمازِ عید کے لئے نہ اذان ہے اور نہ ہی اقامت (7) عورتیں بھی عیدگاہ میں حاضر ہوں۔ (8) عید کی نماز کے لئے بارہ تکبیرات زائد ہیں۔ پہلی رکعت میں سات اور دوسری میں پانچ جو سورۃ فاتحہ سے پہلے کہی جاتی ہیں۔ (9) خطبہ اہتمام سے سننا چاہئے۔ (10) عید کی نماز سے پہلے یا بعد میں کوئی نماز نہیں ہے۔ (11) حضورؐ نے فرمایا۔ زیّنوا اعیادکم بالتکبیر کہ اپنی عیدوں کو تکبیرات کے ذریعہ مزین کرو۔ تکبیر کے الفاظ یہ ہیں۔

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ
وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ۔

(12) نماز عید کے اختتام پر ایک دوسرے کو مل کر مبارکباد دیں اور ایک دوسرے کے لئے دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کے روزے قبول کرے۔ (13) عید الفطر کے بعد شوال کے مہینہ میں چھ روزے رکھنے مسنون ہیں۔ حدیث میں آیا ہے۔

کہ جس نے رمضان کے روزے رکھے اور اس کے بعد شوال کے چھ روزے رکھے گویا اس نے ایک سال کے روزے رکھے۔

❁❁❁

تم کو سلام

اے شہیدانِ لاہور تم کو سلام
زندگی کا ہمیں دے گئے ہو پیام

تم نے سجدے میں جاں دے کے ثابت کیا
ہے فقط احمدی کا یہ عالی مقام

ہو مبارک تمہیں جنتوں کے ثمر
عرش پر ہے خدا تم سے اب ہم کلام

تم نہیں ہو جدا ہر گھڑی ساتھ ہو
لے رہا ہے خلیفہ تمہارا ہی نام

ہم نہ بھولیں گے قربانی اب آپ کی
ہر خوشی ہم کریں گے تمہارے ہی نام

تم نے مرتے ہوئے نام رب کا لیا
ہے ہمارا بھی بس اب یہی ایک کام

تم نے سینوں پہ زخموں کو ہنس کے سہا
ہم بھی سینوں کو کر دیں گے حق کا غلام

سہ نہ پائیں گے ہم اب جدائی کا غم
وصل کا اب رہے سب کے ہاتھوں میں جام

طاہر احمد صدیقی

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

مکرم رانا عبدالرزاق خاں لندن

خلافت احمدیہ کی اہمیت اور اعلیٰ مقاصد کا حصول

خلافت کے ذریعہ پیاسی روحوں کی تشنگی کا سامان اور روحانی مائدہ تقسیم کیا جا رہا ہے

کائنات کے چھوٹے سے چھوٹے ذرہ سے لے کر بڑی سے بڑی گلیکسی میں جو وحدت ہے یہ جہاں ہمیں توحید کی طرف توجہ دلاتی ہے وہاں اس میں بنی نوع انسان کی معاشرتی زندگی کے لئے ایک شاندار سبق پنہاں ہے کہ دنیا کا کوئی بھی نظام، کوئی بھی کاروبار مرکزیت کے بغیر نامکمل ہے۔ معاشرہ میں مل جل کر رہنے کے لئے ایک نظام کی ضرورت ہے۔ جس میں ایک ایسا مرکز ہونا چاہیے جسے ہر فرد اپنے اوپر مسلط کرے۔ اس پر نوع انسانی کے نظام کی کامیابی کا مدار ہوگا۔ اس پر اس کی ترقی کا انحصار ہوگا۔

جہاں تک انسانی معاشرہ میں نظام کا تعلق ہے، یہ دنیا کے ہر خطہ، ہر ملک اور ہر قبیلہ میں موجود ہے اور اس کا ہر جگہ ہونا اس بات کی قطعی دلیل ہے کہ یہ واقعی فطرت کی آواز ہے۔ لیکن ان نظاموں میں آئے دن پیدا ہونے والی گڑبڑ اور تبدیلیاں، برپا ہونے والے انقلابات اور رونما ہونے والے فسادات کی وجہ سے اس بات پر یقین آجاتا ہے کہ یہ حقیقی نظام نہیں ہیں۔ ان میں مرکزیت کی وہ فطری روح نہیں جو خدا تعالیٰ کے منشاء کے مطابق ہے۔ خدا تعالیٰ چاہتا ہے کہ بنی نوع انسان پُرسکون زندگی بسر کریں، پورے اطمینان کے ساتھ اس دنیا میں رہیں۔ اس نقطہ نظر کو سامنے رکھ کر جب ہم ساری دنیا میں مختلف نظاموں کا مطالعہ کرتے ہیں تو ہمیں اس سوال کا جواب صرف قرآن کریم میں ملتا ہے۔ جس میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ (سورۃ نور آیت 56) ترجمہ اللہ نے مومنوں سے وعدہ کیا ہے کہ وہ ان کو زمین میں خلیفہ بنا دے گا۔ جس طرح اس سے پہلے لوگوں کو خلیفہ بنا دیا تھا اور جو دین اس نے ان کیلئے پسند کیا ہے وہ ان کے لئے اسے مضبوطی سے قائم کر دے گا اور ان کی خوف کی حالت کے بعد وہ ان کے لئے امن کی حالت تبدیل کر دے گا وہ میری عبادت کریں گے کسی چیز کو میرا شریک نہیں بنائیں گے اور جو لوگ اس کے بعد بھی انکار کریں گے وہ نافرمانوں میں سے قرار دیئے جائیں گے۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے جس نظام کا ذکر فرمایا ہے وہ آسمانی نظام ہے۔ جس کا سربراہ خود اللہ تعالیٰ مقرر فرماتا ہے اور جس کا آئین ایک ابدی اور کامل کتاب قرآن کی شکل میں نازل فرما دیا ہے۔ جو فطرت انسانی کے عین مطابق ہے۔ یہ نظام نظام خلافت کہلاتا ہے۔ جو خدا تعالیٰ کے معمور اور اس کے مرسل نبی کی وفات کے بعد خدا تعالیٰ کی طرف سے قائم کیا جاتا ہے۔ اور اس وقت تک قائم رہتا ہے جب تک لوگ اس نظام کی شرائط کو پورا کرتے رہیں۔

خلافت کیا ہے

لغت کی رو سے خلافت کے معنی نیابت اور جانشینی کے ہوتے ہیں اور اصلاحاً اس سے مراد نبی کا جانشین ہوتا ہے۔ علامہ ابن اثیر لکھتے ہیں کہ خلیفہ وہ ہوتا ہے جو کسی جانے والے کی جگہ پر کھڑا ہو اور اس کے جانے کی وجہ سے پیدا ہونے والے خلا کو پر کر دے۔ علامہ بیضاوی نے لفظ خلیفہ کے معنی بیان کرتے ہوئے لکھا ہے۔ یعنی خلیفہ کسی دوسرے شخص کے بعد ہوتا ہے اور اس کی قائم مقامی کرتا ہے۔

سیدنا حضرت مسیح موعود بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ فرماتے ہیں۔

خلیفہ کے معنی جانشین کے ہیں۔ جو تجدید دین کرے۔ نبیوں کے زمانے کے بعد جو تاریکی پھیل جاتی ہے اس کو دور کرنے کے واسطے جو ان کی جگہ آتے ہیں انہیں خلیفہ کہتے ہیں۔

(ملفوظات جلد 2 صفحہ 666)

پس خلافت نبوت کی جانشینی ہے اور خلیفہ نبی کے شروع کئے ہوئے عظیم الشان مشن کو خدا تعالیٰ سے راہنمائی حاصل کر کے، نبی کی نشان کردہ راہوں پر چلتے ہوئے آگے سے آگے بڑھاتا ہے اور نہ صرف اس کے تشنہ تکمیل منصوبوں اور سکیموں کو تکمیل تک پہنچاتا ہے بلکہ اس کی بعثت کی غرض کو پورا کرنے کی خاطر وہ نئے نئے پروگراموں اور منصوبوں کی بنا بھی ڈالتا ہے۔ اور اس طرح سے تجدید کرتا ہے اور وہ اپنے فرائض کو بڑی شدت اور جوش و خروش اور تیزی کے ساتھ ادا کرتا ہے۔ کیونکہ لفظ خلیفہ مبالغہ کا صیغہ ہے۔ یہ ہے خلافت حقہ کا تصور جو خدا تعالیٰ کی طرف سے قائم ہوتا ہے۔ جو دنیا کے ہر نظام سے ہر پہلو میں کہیں بہتر اور موثر ہے۔

اتحاد اور خلافت

خلافت کی اہمیت پر کئی پہلوؤں سے روشنی ڈالی جاسکتی ہے۔ ایک بنیادی نکتہ خلافت یا مرکزیت کا اوپر بیان ہو چکا ہے۔ اس مذکورہ بالا امر کی تصدیق اس حقیقت سے بخوبی ہو جاتی ہے کہ آج خلافت کے جھنڈے تلے نہ ہونے کی وجہ سے پوری دنیا بے چینی اور انتشار کا شکار ہے۔ مشہور عالم الطنطاوی الجوہری نے بھی اس کا اعتراف کیا ہے آپ اس آیت استخلاف کو درج کرنے کے بعد رقمطراز ہیں

آج جس شخص نے بھی حقیقی کامیابی سے ہمکنار ہونا ہے، اور جسے بھی حقیقی سکون اور راحت سے زندگی بسر کرنے کی تلاش ہے، اور جسے بھی اپنی روحانی اور مادی ترقی کی فکر ہے۔ اسے خلافت کا جھنڈا تلاش کر کے اس کے نیچے جمع ہونا ہوگا۔ اس کے مرکز سے زندہ تعلق قائم کر کے، اس کی طرف سے جاری ہونے والی ہدایات کی روشنی میں اپنا لائحہ عمل اور ضابطہ حیات مرتب کرنا ہوگا اور جو شخص اس کے مطابق عمل کرے گا اس کی کامیابی یقینی ہے۔

(القرآن والعلوم العصریہ)

خلافت نبوت کا تتمہ ہے

خلافت کی اہمیت ایک ناگزیر ضرورت بن کر اس وقت سامنے آتی ہے جب ہم نبی اور اس کے مشن کو دیکھتے ہیں۔ خدا تعالیٰ اپنے بندوں کی اصلاح کے لئے نبی بھیجتا ہے۔ مگر ان کے ذمہ صرف تخم ریزی کا ہی کام ہوتا ہے۔ ان کے ہاتھوں تو ان کے مشن کی صرف ابتدا ہی ہوتی ہے اس کی بنیاد پڑتی ہے اور ان کے جانے کے بعد خلافت نبوت کا تتمہ اور حصہ بن کر وجود میں آتی ہے۔ یہ خدا کی قدیم سنت ہے۔

سیدنا حضرت مسیح موعود بانی سلسلہ علیہ احمدیہ اس نقطہ نظر سے نظام خلافت کے قیام کی ضرورت و اہمیت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ خدا تعالیٰ کا کلام مجھے فرماتا ہے۔ وہ اس سلسلہ کو پوری ترقی دیگا کچھ میرے ہاتھ سے کچھ میرے بعد۔ یہ خدا تعالیٰ کی سنت ہے اور جب سے کہ اس نے انسان کو زمین میں پیدا کیا ہمیشہ اس سنت کو وہ ظاہر کرتا ہے۔ کہ وہ اپنے...... کی مدد کرتا ہے اور ان کو غلبہ دیتا ہے۔ اور جس راستبازی کو وہ دنیا میں پھیلانا چاہتے ہیں۔ اس کی تخم ریزی ان کے ہاتھ سے کر دیتا ہے۔ لیکن اس کی پوری تکمیل ان کے ہاتھ سے نہیں کرتا۔ بلکہ ایسے وقت میں ان کو وفات دے کر جو بظاہر ایک ناکامی کا خوف اپنے ساتھ رکھتا ہے۔ ایک دوسرا ہاتھ اپنی قدرت کا دکھاتا ہے اور ایسے ایسے اسباب پیدا کر دیتا ہے جن کے ذریعہ سے وہ مقاصد جو کسی قدر ناتمام رہ گئے تھے اپنے کمال کو پہنچتے ہیں (الوصیت) پس خلافت کے قیام کی ضرورت اور اس کی اہمیت جہاں مادی قانون قدرت سے ثابت ہے وہاں اللہ تعالیٰ کے روحانی نظام کا بھی یہی تقاضا ہے اور اس کی سنت بھی یہی ثابت کرتی ہے کہ نبوت کے بعد خلافت کا نظام بہرحال قائم ہونا چاہئے کہ ساری دنیا کے مسائل کا حل اسی نظام میں ہے۔

خلافت کا مقام

خلافت کی اہمیت کا ایک پہلو خلیفہ کے مقام سے تعلق رکھتا ہے۔ خلافت ایک نعمت ربانی ہے۔ اس کو خلافت رحمت بھی کہتے ہیں۔ اس منصب پر فائز ہونے والا مبارک وجود۔

خلیفہ وقت ایک اعلیٰ اور منفرد مقام پر فائز ہوتا ہے، اس کو خدا تعالیٰ قائم کرتا ہے اور وہی قائم رکھتا ہے، اور اسی کی ہر طرح سے تائید و نصرت کرتا ہے، اسے علم لدنی عطا فرماتا ہے، اسے خود حکمت سکھاتا ہے، قرآن کریم کے معانی، مطالب، اسرار و رموز، حقائق و دقائق سے مالا مال کرتا ہے۔ جس کی بدولت وہ قرآن کریم کی تفسیر سب سے بہتر سمجھتا اور بیان کرتا ہے۔ خدا خود اس کی ہر مشکل مرحلہ پر رہنمائی کرتا ہے۔ ہر ابتلا میں اسے پورا اترنے کی توفیق بخشتا ہے۔ اس لئے لازم ہے کہ ہر قسم کے احکام کے اجراء اور مہمات کا انجام اس کے سپرد کیا جائے اور ہر شخص خواہ وہ مجتہد ہو یا مقلد عالم ہو یا عامی، عارف یا غیر عارف اپنے آپ کو اس کے سامنے لاشیء محض سمجھے۔ اس کے حضور اپنی زبان بند رکھے۔ کسی بھی طرح اس کے سامنے استقلال کا دم نہ مارے۔ اس کے اختیارات خود مقرر کرنے کی کوشش نہ کرے۔ بلکہ اس کے مقام کا تقاضا ہے کہ یہ کام اسی پر چھوڑا جائے۔

جیسے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ خلیفہ کا مصرف نماز پڑھا دینا اور پھر بیعت لے لینا ہے۔ یہ کام تو صرف ایک ملا بھی کر سکتا ہے۔ اس کیلئے کسی خلیفہ کی ضرورت نہیں اور میں اس قسم کی بیعت پر تھوکتا بھی نہیں۔ بیعت وہ ہے جس میں کامل اطاعت کی جائے اور خلیفہ کے کسی ایک حکم سے بھی انحراف نہ کیا جائے۔ کامل اطاعت انسان کو (۔) کے مقام تک پہنچا دیتی ہے۔ آج اس کے نہ ہونے سے (۔) تنزلی کا شکار ہیں، گو آج کے (۔) نمازیں بھی پڑھتے ہیں، زکوۃ بھی دیتے ہیں اور حج بھی کرتے ہیں مگر ان میں وہ ترقی نہیں جو (۔) میں تھی۔ حالانکہ (۔) بھی یہی نمازیں پڑھتے، زکوۃ دیتے اور حج کرتے تھے۔ اس کی وجہ ہی یہ ہے کہ (۔) میں ایک نظام کے تابع ہونے کی وجہ سے اطاعت کی روح حد کمال تک پہنچی ہوئی تھی۔

اطاعت کا مادہ نظام کے بغیر پیدا نہیں ہو سکتا پس جب خلافت ہوگی اطاعت رسول بھی ہوگی تفسیر کبیر سورۃ نور اس نقطہ نظر سے خلافت کی اہمیت روز روشن کی طرح عیاں ہو جاتی ہے کہ ترقی ایمان اور قبولیت اعمال کی اب نظام خلافت کے سوا کوئی صورت نہیں ہے۔ جو آج جماعت احمدیہ کے سوا ساری دنیا میں اور کسی کے پاس نہیں۔ جس نے پیاسی روحوں کی تشنگی کا سامان کیا اور ساری دنیا میں روحانی مائدہ تقسیم کیا جا رہا ہے اور مومنین کی تربیت و اصلاح کرنے میں (۔) کمال حاصل کیا ہر وقت فدائیت کے عالم میں لاکھوں پروانے اس شمع کے گرد گھوم رہے ہیں۔

خلافت کے پروانے اطاعت کے معراج کو پانے کے لئے اپنے جان و مال لئے بسر و چشم کھڑے نظر آتے ہیں اور سو سالہ خلافت احمدیہ کی تاریخ گواہ ہے کہ ہر طبقے، ہر قوم، اور ہر ملک سے پروانوں نے اپنی زندگیاں دین کے لئے وقف کیں، اپنی جانوں کے نذرانے پیش کئے اور اپنے خون سے اس خدائی شجر کی آبیاری کی اور اس کی اطاعت میں ہر قسم کی مالی و جانی قربانی دے کر ایک تاریخ رقم کی۔

خلفائے احمدیت نے ان اقوام کی تربیت کی۔ اور اسے راہ مستقیم دکھائی۔ خلافت احمدیت نے احکام شریعت سمجھائے، خود ساختہ اور نامعقول بدعات و

رسوم کے طوق کو دین کے گلے سے اتارا اور زندہ وکلیم خدا کا تصور پیش کیا، قرآن کو قابل عمل، غیر منسوخ کلام اللہ اور وحی والہام ثابت کیا، یہ قافلہ خلافت تائید ایزدی سے اپنی منزل کی طرف بڑے استقلال سے خدائے واحد کی متعین کردہ منزل کی طرف اپنے سالار کے ساتھ رواں دواں ہے۔

یہ کاروان خلافت افریقہ کے تپتے ہوئے بے آب وگیاہ ریگستانوں میں صلیبی نظریات کا بطلان کرتے ہوئے خدائے واحد کا نام بلند کرنے میں مصروف عمل ہے اور ان محروم ومحکوم اقوام کی روحانی اور مادی تشنگی مٹانے کے لئے برسرپیکار ہے کہ تیل کی دولت سے مالامال اور جدید ٹیکنالوجی سے لیس بڑی بڑی حکومتیں انگشت بدنداں ہیں کہ آج اس طاغوتی دور میں بظاہر ایک چھوٹی سی جماعت کس طرح خاموشی اور مثبت طریقے سے مغربی ممالک میں نیز سب براعظموں کے دوصد ممالک میں ہزاروں کی تعداد میں مشن ہاؤسز، بیوت الذکر، سکول، ہسپتال بنانے اور قرآن کریم کے یک صد سے زائد بڑی زبانوں میں تراجم کرنے میں کوشاں، عرصہ بیس سال سے انٹرنیشنل ایم ٹی اے کھولنے میں کامیاب، (جس میں دینی تعلیم مقدم ہے) ایک مقدس وجود خلیفہء وقت کی راہنمائی میں دین حق کی سربلندی اور اعلیٰ مقاصد کو پانے کیلئے بڑی چابکدستی سے رواں دواں ہے۔

جس کارواں کے راستے میں بڑے بڑے پہاڑ آئے۔ جس نے تلاطم خیز طوفانوں کا مقابلہ کیا۔ مگر یہ قافلہ خدائی تائید سے روز بروز اپنی منزل کے قریب سے قریب ہوتا جارہا ہے۔ صلیبی مراکز کے گڑھ میں دعوت دین حق واحمدیت ترقی پر ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ خدائے تعالیٰ خلافت احمدیہ کے استحکام کو تا قیامت مضبوطی سے قائم رکھے اور اعلیٰ مقاصد میں کامیابی پاتے ہوئے دین حق کا جھنڈا تمام دنیا میں گاڑنے کی توفیق بخشے اور ہر فرد جماعت کو خلافت کے سائے میں رہ کر ان کے ایمان، علم و معرفت، یقین اور روحانیت میں بلند مقام ومرتبہ عطا فرمائے۔ آمین

مکرم محمود مجیب اصغر صاحب

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا عدل وانصاف

اللہ تعالیٰ سورۃ النحل آیت 91 میں فرماتا ہے۔ یعنی خدا حکم فرماتا ہے کہ تم عدل اور احسان اور ایتاء ذی القربیٰ اپنے اپنے محل پر کرو۔

اس آیت کی طرف میری توجہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے ایک خطاب جلسہ سالانہ ربوہ نے مبذول کروائی جس کا عنوان ہے Absolute Justice, Kindness and Kinship

اپنے پورے مفہوم کے ساتھ آنحضرتؐ کے عدل وانصاف کا معاملہ اس آیت کریمہ میں مضمر نظر آتا ہے۔ آنحضرتؐ کی ذات بابرکات صفات الٰہیہ کی مظہر اتم، تمام اخلاق کی جامع، ہر قوت اور ہر خُلق کو اپنے موقع اور محل پر استعمال کرنے والی تھی۔ آپؐ کے تمام فیصلے اللہ تعالیٰ کی راہنمائی اور وحی خفی کے ماتحت ہوتے تھے۔ جامع ترمذی کی ایک مشہور حدیث میں اللہ تعالیٰ کے ذاتی نام اللہ کے علاوہ ننانوے (99) گنوائے گئے ہیں۔ ان میں ایک صفت الحکم اور ایک صفت العدل ہے جس کا مطلب ہے۔ فیصلہ دینے والا اور عدل و انصاف کرنے والا۔ پس آپؐ ان صفات کے بھی مظہر کامل تھے اور اس سلسلہ میں آپؐ کی زندگی کے سارے عدل و انصاف کے واقعات قیامت تک کے لئے اسوہ حسنہ ہیں۔

ایک جگہ حضرت مسیح موعود نے عدل کا یہ مفہوم بیان فرمایا ہے کہ توحید کو صحیح طور پر ماننا اور اس میں زیادت یا کمی نہ کرنا یہ وہ عدل ہے جو انسان اپنے مالک حقیقی کے حق میں بجالاتا ہے۔

(اسلامی اصول کی فلاسفی۔ روحانی خزائن جلد 10 ص376)

چنانچہ جب قریش مکہ نے آنحضرتؐ کو حکومت اور خوبصورت اور امیر ترین عورت سے شادی اور طرح طرح کی پیشکش اس شرط پر کی کہ بتوں کو برا بھلا نہ کہیں تو آپؐ نے فرمایا کہ اگر میرے دائیں طرف سورج اور بائیں طرف چاند بھی لاکر کھڑا کردیں پھر بھی توحید کے پرچار سے میں باز نہیں رہ سکتا اور ہر طرح کی تکلیف کو گوارا کرنے کے لئے تیار ہوں۔ چنانچہ توحید کی خاطر آپؐ کو اور صحابہ کو ہر قسم کے دکھ میں مبتلا کیا گیا۔

بنو مخزوم کی ایک عورت نے چوری کی جس کی سزا ہاتھ کاٹنا تھا۔ اس کے قبیلہ والوں نے رسولؐ اللہ کے منہ بولے بیٹے زید بن حارثہ کے بیٹے اسامہ کو استعمال کیا اور ان سے سفارش کروائی کہ اسے سزا نہ دی جائے۔ آنحضرتؐ نے فرمایا کیا تم اللہ کے حکموں میں سے ایک حکم کے بارہ میں مجھ سے سفارش کرتے ہو! اگر محمدؐ کی بیٹی فاطمہ بھی چوری کرتی تو میں اس کا ہاتھ کاٹ دیتا۔ (بخاری کتاب الحدود)

حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں:۔

’’رحم کے باعث عدل چھوڑنا اور جرائم کی سزا سے درگزر نہ کرنا چاہئے‘‘۔ (حقائق الفرقان جلد سوم ص397)

آنحضرتؐ کو اللہ تعالیٰ نے تمام تر صلاحیتوں سے متمتع کیا ہوا تھا۔ آپؐ کے دعویٰ نبوت سے پہلے قریش مکہ نے خانہ کعبہ کی تعمیر ومرمت کا کام کیا اور حجر اسود اپنے مقام پر رکھنے پر قریش کے قبائل آپس میں جھگڑ پڑے آپؐ کو اللہ تعالیٰ نے فیصلے کرنے کا موقع دیا۔ آپؐ نے فرمایا کہ ایک چادر بچھاؤ اور اس پر حجر اسود رکھو اور سارے قبائل کے سردار اس چادر کو اوپر اٹھائیں اور پھر خود حجر اسود اٹھا کر اس کے مقام پر رکھ دیا۔ آپ کے اس عدل وانصاف سے سارے قبائل مطمئن ہوگئے۔

(ابن ہشام جلد اول ص127)

ازواج مطہرات کے درمیان عدل وانصاف کا یہ عالم تھا کہ آپؐ نے سب کو مسجد نبوی کے ساتھ ایک طرح کے Apartment بنوا کر دیئے اور باری باری ہر ایک زوجہ مطہرہ کو وقت دیتے۔ آپؐ کی یہ کیفیت آخری بیماری تک قائم رہی حتیٰ کہ آپؐ کی تکلیف دیکھ کر باقی ازواج نے حضرت عائشہؓ کے پاس رہنے کے لئے اصرار کیا جہاں آپؐ کی وفات ہوئی۔

(ابن ہشام جلد دوم ص794)

بدر کے قیدیوں کو مسجد نبوی میں ستونوں کے ساتھ باندھ دیا گیا تھا ان قیدیوں میں آنحضرتؐ کے چچا عباس بھی تھے۔ ان کے کراہنے نے آپؐ کو بے چین کر دیا۔ صحابہ نے خاموشی سے ان کی رسیاں ڈھیلی کردیں۔ آنحضرتؐ کو علم ہوا تو فرمایا سب کی رسیاں ڈھیلی کردو یا عباس کی رسیاں بھی کس دو۔

(سیرت سید الانبیاء۔ شیخ عبدالقادر سابق سوداگرمل ص145)

ایک صحابی نے اپنے بیٹے کو ایک گھوڑا تحفہ دیا اور خوشی سے آنحضرتؐ کو جا کر بتایا۔ آنحضرتؐ نے دریافت فرمایا کیا تمہارا ایک ہی بیٹا ہے؟ اس نے عرض کیا نہیں بیٹے تو سات ہیں فرمایا۔ سب کو ایک ایک گھوڑا دو یا اس سے واپس لے لو۔

صلح حدیبیہ میں ایک شرط یہ طے ہوئی کہ اگر قریش میں سے اپنے ولی کی اجازت کے بغیر کوئی مسلمان ہوکر آپؐ کے پاس گیا۔ تو آپؐ اسے واپس کر دیں گے اور اگر کوئی مسلمان واپس اپنے قبیلہ میں آئے تو قریش اسے واپس نہیں کریں گے۔ ابھی معاہدے پر دستخط ہوئے ہی تھے کہ ابوجندل زنجیروں میں جکڑا ہوا بھاگ کر آنحضرتؐ کے پاس آ گیا کہ مجھے ان ظالموں سے چھڑائیں۔ آنحضرتؐ نے کمال عدل سے کام لیتے ہوئے اسے واپس کر دیا۔

(ابن ہشام حالات صلح حدیبیہ بحوالہ سیرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم ص767)

تاہم آپ کی دعا سے جلد ہی ایسے سامان پیدا ہوگئے کہ ایسے تمام مظلوموں کی آزادی اور امن کی راہ خدا نے نکال دی۔

مدینہ میں جب آپؐ کو حکمران تسلیم کر لیا گیا تو آپؐ یہود کے فیصلے ان کی شریعت کے مطابق کرتے تھے۔ بنو نضیر اور بنو قریظہ یہودیوں کے دو قبائل تھے۔ بنو نضیر زیادہ معزز شمار ہوتے تھے۔ چنانچہ جب ان کا کوئی قتل کیا جاتا تو قصاص لیتے یعنی جان کے بدلے جان اور جب بنو قریظہ کا کوئی قتل ہو جاتا تو جان کے بدلے مال ادا کر دیتے جسے دیت کہتے ہیں۔ آنحضرتؐ نے اس تفریق (Disparity) کو ختم کر دیا اور دونوں قبائل سے ایک طرح کا بدلہ لیا جانے لگا۔

(ابن اسحاق روایت ابن ہشام بحوالہ سیرت النبیؐ جلد دوم از مولانا شبلی نعمانی ص38)

مکہ فتح ہوا۔ خانہ کعبہ کی چابیاں عثمان بن طلحہ کے پاس ہوتی تھیں لوگوں کا خیال تھا کہ اب کسی ابتدائی مسلمان کو یہ اعزاز مل جائے گا لیکن آپؐ نے اس اعزاز کو عثمان بن طلحہ کے پاس ہی رہنے دیا۔

(سیرت سید الانبیاء ص273)

جنگ حنین کی فتح کے بعد مال غنیمت تقسیم ہو رہا تھا بعض نوجوان انصار مدینہ نے اعتراض کیا کہ خون ہماری تلواروں سے ٹپکا ہے اور مال مویشی قریش مکہ کو دے دیئے گئے ہیں۔ آنحضرتؐ کو خبر ہوئی تو آپ نے کیا شاندار فیصلہ کیا۔ فرمایا اے انصار! کیا تم پسند نہیں کرتے کہ مال مویشی قریش لے جائیں اور تم اپنے ساتھ اللہ کے رسولؐ کو لے جاؤ۔

(سیرت سید الانبیاء ص280)

خیبر کے محاصرے کے دوران ایک یہودی گلہ بان مسلمان ہوگیا اس کے پاس ایک رئیس کی بکریاں تھیں اب وہ واپس نہیں جاسکتا تھا۔ آنحضرتؐ نے کیا ہی خوب فیصلہ کیا فرمایا کہ بکریوں کا منہ قلعہ کی طرف کر کے ان بکریوں کو ہانک دو خدا ان کو مالک تک خود لے جائے گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

(سیرت سید الانبیاء ص252)

خیبر کی فتح کے بعد کھجور کی فصل اٹھانے کے سلسلہ میں دو مسلمان جو آپس میں کزن تھے۔ خیبر کی طرف گئے موقع پا کر کسی یہودی نے ایک کو قتل کر دیا اور لاش کھائی میں پھینک دی۔ دوسرا مسلمان مقدمہ لے کر آنحضرتؐ کے پاس گیا اور کہا کہ یہودیوں نے اسے قتل کر دیا ہے۔ آپؐ نے فرمایا کہ تم قسم کھاتے ہو کہنے لگے میں عینی شاہد نہیں ہوں۔ فرمایا یہودیوں سے قسم لیتے ہیں۔ اس نے کہا ان کا کیا ہے جھوٹی قسم اٹھا جائیں گے۔ آپ نے یہودیوں سے قسم لی وہ قسم کھا گئے۔ آپ نے یہودیوں کے حق میں ڈگری دے دی۔

(سیرت النبی جلد دوم مولانا شبلی نعمانی ص306)

حضرت عمرؓ کے دور خلافت میں جب باقاعدہ عدلیہ کا آغاز ہوا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ کو مدنظر رکھ کر فیصلے کئے جانے لگے۔ آج بھی اگر دنیا میں اسی

باقی اسی صفحہ کے کالم 1 پر

بقیہ کالم 4

طرح عدل و انصاف قائم ہو جائے۔ جس طرح آنحضرتؐ نے نمونہ چھوڑا ہے تو دنیا میں امن قائم ہو سکتا ہے۔

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

’’آپؐ کے اخلاق حسنہ کے متعلق مجموعی شہادت وہ ہے جو آپؐ کی قوم نے دی کہ آپ کی نبوت کے دعویٰ سے پہلے آپ کی قوم نے آپؐ کا نام امین اور صدیق رکھا۔ ......عرب کی سینکڑوں سال کی تاریخ میں صرف ایک ہی مثال محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ملتی ہے‘‘۔

(دیباچہ تفسیر القرآن ص235,234)

پس عدل وانصاف بھی اسی وجہ سے تھا۔

مکرم صفدر نذیر گولیکی صاحب

محترم (ر) میجر جنرل ناصر احمد چوہدری صاحب

28 مئی 2010ء کو جو کچھ لاہور کی دو بیوت الذکر میں ہوا۔ گزشتہ 120 سالہ تاریخ احمدیت میں جماعت احمدیہ پر اس قدر ظلم نہیں ہوا۔ نہتے اور بے گناہ خدا تعالیٰ کی عبادت کیلئے جمع افراد کو بے دردی سے قتل کر دیا گیا۔ 28 مئی 2010ء بروز جمعہ ٹی وی پر افسوسناک نظارے دیکھ رہے تھے، آنکھوں سے آنسو جاری تھے اور لبوں پر درود شریف کا ورد تھا لاہور کے احمدیوں نے بہت بڑی جانی قربانی خدا کے حضور پیش کر کے حضرت مسیح موعود کے محبوں میں نام لکھوا لیا اور بڑے صبر حوصلے سے اس تکلیف دہ وقت سے گزرے اور ایک نئی تاریخ رقم کر دی۔

حضور انور نے زخمی دلوں اور جسموں پر محبت اور لازوال دعاؤں کا جو پھاہا رکھا اس سے دل مطمئن اور رستے زخم اور ٹوٹی ہوئی ہڈیاں اور کٹے ہوئے جسم ٹھیک ہونے شروع ہو گئے صبر اور حوصلے کا جو عظیم مظاہرہ شہداء کے خاندانوں نے دکھایا وہ تاریخ احمدیت کا روشن باب ہے۔

مکرم جنرل ناصر صاحب کا تعلق بہلول پور تحصیل پسرور ضلع نارووال سے تھا آپ کے والد محترم چوہدری صفدر علی صاحب پولیس میں سب انسپکٹر تھے۔ 1930ء میں ان کی شہادت ہو گئی جبکہ جنرل صاحب کی عمر 10 سال کی تھی جنرل صاحب 1920ء میں پیدا ہوئے، چوہدری صفدر علی صاحب بہت خوش مزاج اور کھلے دل کے مالک تھے کہا کرتے تھے کہ میں چاہتا ہوں کہ میرے ڈیرے پر ہر روز ایک کلو نمک خرچ ہو، مطلب یہ کہ خوب مہمان آئیں مکرم جنرل صاحب نے زیادہ وقت اپنے ننھیال میں گزارا جس کا نام دولت پور ہے جو کہ پٹھانکوٹ میں ہے آپ اپنے گھر میں سب سے بڑے تھے پٹھانکوٹ سے میٹرک پاس کیا۔ ایف اے فیصل آباد سے 1940ء میں اور پھر گریجوایشن کیا جب پولیس اور آرمی کی آفر آئی تو آرمی کو ترجیح دی۔ 1942ء میں بنگلور سے کمیشن ملا، دوسری جنگ عظیم میں برما محاذ پر جنگ میں حصہ لیا جبکہ انفنٹری فرنٹیر فورس میں تھے۔

1943ء میں آپ کی شادی محترمہ امۃ السلام صاحبہ سے ہوئی جو کہ خدا کے فضل سے حیات ہیں۔ 1946ء میں برما سے واپسی ہوئی 1948ء میں ایبٹ آباد میں بطور کیپٹن تقرر ہوا 1950ء میں سٹاف کالج میں کورس کیا 1951ء میں DIV ہیڈ کوارٹر مری میں بطور میجر رہے۔ 1953ء میں آزاد کشمیر میں بھی کام کیا کوئٹہ میں 9 سال کا عرصہ گزارا 1958ء میں لیفٹیننٹ کرنل بن گئے ۔ 1965ء کی جنگ میں بطور DA ڈائریکٹر ملٹری آپریشن GHQ میں رہے جبکہ آپ 1965ء میں ہی لندن ایک کورس کیلئے گئے تھے واپس بلا لیا گیا آتے ہی سیز فائر ہو گیا فل کرنل بن کر S.S,G ٹریننگ سنٹر چراٹ میں رہے پھر کوئٹہ میں 3 سال بریگیڈیر اور 1969ء میں میجر جنرل ہو کر سیالکوٹ آئے دوبارہ کوئٹہ بھیجا گیا اور نئی 33 DIV بنائی گئی اور اس سے راجستھان میں کام لیا گیا۔

1971ء میں راجستھان میں زخمی ہوئے بائیں گھٹنے میں گولی لگی بڑی گولی ائیر کرافٹ کی تھی اگر باہر نکالی جاتی تو گھٹنا ضائع ہو جاتا اس لئے آخر دم تک وہ گولی اندر ہی رہی زخمی ہونے کے بعد 3،4 ماہ بعد ہسپتال سے فارغ ہوئے اور 1975ء میں ریٹائرڈ ہو گئے 1976ء میں لاہور آئے اور تا وفات ماڈل ٹاؤن میں رہے۔ مکرم جنرل صاحب کے اوصاف کا تذکرہ ہمارے پیارے آقا نے 11 جون 2010ء کے خطبہ جمعہ میں کیا۔ میں سمجھتا ہوں جس کا ذکر خیر خلیفہ وقت فرما دیں وہ تو خدا کے فضل سے اپنے انجام بخیر کو پہنچ گیا۔ حضور انور فرماتے ہیں۔

دوسرے (۔) **میجر جنرل (ریٹائرڈ) ناصر چوہدری صاحب ابن مکرم چوہدری صفدر علی صاحب** ہیں۔ یہ بہلول پور تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ کے رہنے والے تھے۔ ان کے والد صاحب انسپکٹر تھے اور 1930ء میں ڈیوٹی کے دوران ہی وہ بھی (۔) ہوئے تھے۔ اس وقت جنرل صاحب (۔) کی عمر صرف 10 سال تھی۔ جنرل صاحب کی دادی جو تھیں وہ حضرت چوہدری سر ظفر اللہ خان صاحب کی رضاعی والدہ بھی تھیں۔ 1942ء میں ان کو کمیشن ملا، بنگلور گئے ۔ اور دوسری جنگِ عظیم میں برما کے فرنٹیر فورس محاذ پر تھے۔ 43ء میں ان کا نکاح ہوا اور سید سرور شاہ صاحب نے ان کا نکاح پڑھا اور اس بات کا اظہار کیا کرتے تھے کہ میرے نکاح میں حضرت مرزا بشیر احمد صاحب اور حضرت مرزا شریف احمد صاحب بھی شامل ہوئے تھے۔ بہرحال فوج میں ترقی کرتے رہے اور 1971ء میں راجستھان میں اپنی بنائی ہوئی Div -33 کی کمانڈ کرتے رہے۔ وہیں ان کے گھٹنے میں گولی لگی جوان کے جسم کے اندر ہی رہی ہے۔ ڈاکٹر اس کو نکال نہیں سکے۔ اس حملے کے دوران میں ان کا جو پرسنل سیکرٹری تھا وہ بھی زخمی ہوا۔ اس کو تو انہوں نے ہیلی کاپٹر کے ذریعہ سے حیدر آباد بھیجا اور خود ٹرین کے ذریعے حیدر آباد پہنچے۔ ڈاکٹر کہا کرتے تھے کہ اگر یہ دوبارہ چلنے لگ جائیں تو معجزہ ہو گا۔ اس لئے گولی بھی نہیں نکالی کہ خطرہ تھا کہ مزید خرابی پیدا ہو جائے گی۔ لیکن بہرحال بڑی قوتِ ارادی کے مالک تھے۔ ورزش کرتے رہے اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے ان کی ٹانگ اس قابل ہو گئی کہ چلتے تھے اور اپنی کیٹیگری اے کروالی کیونکہ بی میں نوکر مل جاتا ہے۔ بیس سال تک یہ سیکرٹری اصلاح و ارشاد ضلع لاہور رہے ہیں۔ 1987ء سے لے کر شہادت کے وقت تک بطور صدر حلقہ ماڈل ٹاؤن خدمت سرانجام دیتے رہے۔ (۔) کے وقت ان کی عمر 91 سال تھی۔ اللہ کے فضل سے موصی تھے۔ (۔) ماڈل ٹاؤن میں ان کی (۔) ہوئی ہے۔

ان کی اہلیہ بیان کرتی ہیں کہ بہت مخلص اور خلافت سے محبت کرنے والے تھے۔ نمازی، پرہیز گار، جماعت کا درد رکھنے والے انسان تھے ایک دفعہ ڈرائیور کی مشکل پیش آئی تو میں نے کہا کہ اپنی پلٹن سے ڈرائیور مانگ لیں تو جواباً کہا کہ نہیں مجھے اللہ تعالیٰ نے بہت دیا ہے۔ خود ہی خرچ کروں گا۔ ابتدائی دور میں 1943ء میں نظامِ وصیت میں شامل ہوئے۔ لاہور کے ایک نائب امیر ضلع تھے مکرم میجر لطیف احمد صاحب۔ وہ بھی فوج سے ریٹائر ہوئے تھے اور میجر تھے، اور یہ فوج سے ریٹائر ہوئے اور جنرل تھے۔ وہ ان کو مذاق میں کہا کرتے تھے کہ دیکھو آج جنرل بھی میرے نیچے کام کر رہا ہے۔ کیونکہ وہ میجر صاحب نائب امیر تھے تو (۔) مرحوم ہنس کے ہمیشہ کہا کرتے تھے کہ ہمارا کام تو اطاعت ہے۔ جب میں احمدی ہوں اور جماعت کی خاطر کام کر رہا ہوں تو پھر میجری اور جرنیلی کا کوئی سوال نہیں۔

(۔) نور میں جو ماڈل ٹاؤن کی (۔) ہے، عموماً ہال سے باہر کرسی پر بیٹھا کرتے تھے اور جو سانحہ ہوا ہے اس دن جب فائرنگ شروع ہوئی ہے تو ایک صاحب نے، احمدی دوست روشن مرزا صاحب نے کہا کہ اندر آ جائیں۔ تو انہوں نے کہا کہ آپ باقی ساتھیوں کو پہلے اندر لے جائیں اور پھر آخر میں خود اندر گئے اور ہال کے آخری حصہ میں لگی ہوئی کرسیوں پر بیٹھ گئے۔ اس کے بعد لوگ تہہ خانے کی طرف جاتے رہے اور ان کو بھی لے جانے کی کوشش کی۔ لیکن انہوں نے کہا کہ نہیں، مجھے یہاں ہی رہنے دو۔ اسی دوران دہشتگرد نے ایک گرنیڈ ان کی طرف پھینکا جوان کے قدموں میں پھٹا۔ گرنیڈ پھٹنے سے ان کے ساتھ والے بزرگ بھی نیچے گرے لیکن اس کے بعد اٹھ کر دوبارہ کرسی پر بیٹھ گئے۔ پھر دہشتگرد نے ان پر فائرنگ کی جس سے گردن میں ایک گولی لگی اور وہ کرسی پر بیٹھے بیٹھے ہی سجدہ کی حالت میں (۔) ہوئے۔

جیسا کہ میں نے کہا ہے بڑی عاجزی سے اور بڑی وفا سے انہوں نے اپنی جماعت کی خدمات بھی ادا کی ہیں اور عہدِ بیعت کو بھی نبھایا ہے۔ (۔) کا رتبہ تو ان کو فوج میں بھی بعض ایسے حالات پیدا ہوئے جب مل سکتا تھا۔ لیکن خدا تعالیٰ کو اپنے بندوں کی کوئی نہ کوئی نیک ادا پسند آتی ہے۔ ان کی یہ ادا پسند آئی کہ (۔) کا رتبہ تو دیا لیکن مسیح (۔) کے ایک کارکن کی حیثیت سے کام کرتے ہوئے دیا اور عبادت کرتے ہوئے دیا۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے۔

(الفضل 20 جولائی 2010ء)

خاکسار کا 1985ء میں بطور مربی سلسلہ ماڈل ٹاؤن تقرر ہوا اور اس وقت محترم ڈاکٹر غلام اللہ صاحب صدر جماعت تھے‘ مکرم جنرل صاحب سے پہلی ملاقات نماز عصر پر ہوئی اور پھر ہمیشہ کیلئے دوستی ہو گئی مکرم جنرل صاحب نہایت صائب الرائے اور اصولی آدمی تھے خاکسار کو کوئی معاملہ ہوتا آپ کی خدمت میں پیش کر دیتا آپ ہمارا معاملہ نہایت خوش اسلوبی سے طے کرواتے اس طرح 3 سال کا عرصہ پلک جھپکتے گزر گیا اور میں ماڈل ٹاؤن سے بینن افریقہ کیلئے روانہ ہوا۔ آپ نے الوداعی تقریب میں ناچیز کی حوصلہ افزائی فرمائی بینن سے آنے کے بعد بھی ملاقات کا سلسلہ جاری رہا‘ اس بڑھاپے کی عمر میں بھی آپ پانچ وقت نماز بیت میں ادا فرماتے جبکہ آپ کے دل کا آپریشن بھی ہوا تھا آپ باقاعدگی سے دارالذکر جاتے تھے آپ کی اہلیہ محترمہ کہتی ہیں میں نے آپ کو کہا کہ کام کم کر دیں اصلاح وارشاد کا کام ہی کسی کو دے دیں آپ نے جواب دیا کہ اصل کام تو وہی ہے باقی تو بونس ہے۔ بیت النور کی خوبصورت عمارت آپ کی مرہون منت ہے۔

مئی کے دوسرے جمعہ کو خاکسار مع بچوں کے لاہور گیا اور آپ کے ہاں بھی گیا جمعہ کا دن تھا چونکہ لجنہ کیلئے جمعہ بند تھا اس لئے بچوں کو آپ کے ہاں ہی ٹھہرایا آپ اپنی گاڑی پر خاکسار کو بیت النور لائے، راستے میں اپنے بیٹے کو خاکسار کا تعارف کروایا کہ یہ ہمارے مربی بھائی ہیں یہ آپ کی ذرہ نوازی تھی اور عظمت تھی کہ ہم جیسوں کے ساتھ اس قدر شفقت کا سلوک کرتے تھے ورنہ من آنم کہ من دانم۔ تیری عاجزانہ راہیں اسے پسند آئیں کے الہام کے بھی آپ مصداق تھے اس قدر بلند قامت لیکن عاجزی اور انکساری کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی جمعہ کی نماز کے بعد پھر گھر لائے سخت گرمی میں اس وقت تک کھڑے رہے جب تک کہ واپسی نہیں ہوئی دعا کا بار بار کہتے رہے مکرم جنرل صاحب کی اہلیہ محترمہ نے اس مختصر وقت میں میری اہلیہ محترمہ کو قیمتی جوڑا کپڑوں کا عنایت فرمایا ابھی اس ملاقات کا اثر ختم نہیں ہوا تھا کہ یہ واقعہ ہو گیا خدا کی راہ میں جان قربان کرنے والے ہمارے لئے بہت بڑا پیغام چھوڑ گئے ہیں۔ حضور انور نے جو صفات ان قربان ہونے والوں کی بیان فرمائی ہیں وہ کچھ اس طرح ہیں عبادت گزار‘ تہجد گزار‘ تلاوت کرنے والے‘ اپنے اہل خانہ سے اچھا سلوک کرنے والے، باقاعدہ چندہ دینے والے‘ ہمسایوں کا خیال رکھنے والے‘ اپنے بچوں سے بہت پیار کرنے والے، رشتہ داروں کا خیال رکھنے والے‘ کسی کو دکھ نہ دینے والے‘ خلافت سے بے پناہ محبت کرنے والے اور اطاعت خلافت کے خمیر میں گندھے ہوئے‘ جماعتی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے والے‘ دعائیں کرنے والے‘ والدین کی خدمت کرنے والے‘ نظام وصیت میں شمولیت اختیار کرنے والے‘ ملنسار‘ کم گو‘ ہنس مکھ‘ عاجزی انکساری اور ستاری کرنے والے‘ غرباء سے سچی ہمدردی رکھنے

والے، سچی خوابیں دیکھنے والے اور دعوت الی اللہ کرنے والے اور کس کس صفت کا ذکر کیا جائے یہ سبھی اس فانی دنیا میں رہتے ہوئے اپنے مولا کی جنتوں کے وارث تھے خدا تعالیٰ ہم سب کو ان صفات کا وارث بنائے۔

مکرم جنرل صاحب نے اپنے پیچھے بیوہ محترمہ کے علاوہ 3 بیٹے مکرم طاہر احمد صاحب PIA کراچی مکرم ڈاکٹر ظفر احمد صاحب چوہدری امریکہ، مکرم ماہر احمد صاحب چوہدری امریکہ اور چار بیٹیاں مکرمہ رخشندہ بانو صاحبہ، مکرمہ فریدہ بانو صاحبہ، مکرمہ عاصمہ بانو صاحبہ مکرمہ مزمل چوہدری صاحبہ اور پوری جماعت احمدیہ عالمگیر سوگوار چھوڑی ہے۔ اللہ تعالیٰ سب کا حامی وناصر ہو سب کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

شہیدان لاہور کو سلام

خدا کی راہ کے شہیدو سلام ہو تم پر
دلوں کی دھڑکنیں تم کو سلام کہتی ہیں
ہے خوب کر دیا روشن توحید حق کا مقام
تمہارے ہونٹوں پہ جاری رہا درود وسلام
جو حق تھا وصل الٰہی کا کر دیا وہ ادا
دلوں سے نکلی صدائیں سلام کہتی ہیں
جو لوگ ختم رسل پر ایمان لاتے ہیں
شہادتوں کو بھی ہنس کر گلے لگاتے ہیں
دکھاتے اعلیٰ نمونہ ہیں جاں نثاری کا
ہماری روحیں بھی ان کو سلام کہتی ہیں
جبھی خدا نے کہا ہے کہ ان کو مردہ مت کہنا
ہمارے نام پہ وہ جان نثار کرتے ہیں
سلام زہرہ بھی کہتی ہے ان شہیدوں کو
خدا کے نام پہ جو خود کو بھول جاتے ہیں

ا۔ ب۔ زہرہ

سیاسی قیادت کا امتحان

لطیف چوہدری اپنے کالم سمت نما میں لکھتے ہیں:

لاہور میں احمدیوں کا قتل عام ہوا، اگلے روز تین پولیس اہلکار دہشت گردوں کا نشانہ بنے اور پھر جناح ہسپتال میں داخل ایک زخمی دہشت گرد کو چھڑانے کے لئے شب خون مارا گیا، یہاں تین پولیس والے اور 9 بے گناہ شہری مارے گئے۔ اف خدایا! تین روز میں ایک سو سولہ افراد مارے گئے۔ اس سانحہ پر افسردہ، نادم یا شرمندہ ہونے کے بجائے پنجاب حکومت کے ایک وزیر کی عامیانہ گفتگو سن کر اور انتظامیہ کے بے حس طرز عمل کا مشاہدہ کر کے میرا سر شرم اور ندامت سے جھک گیا ہے۔ میرا پنجاب جہاں پگ بدل بھائی کی حفاظت کے لئے جان دے دی جاتی تھی، دشمن کی بیٹی کو بھی اپنا لخت جگر سمجھا جاتا، اس کی عزت کی حفاظت کے لئے سگے بھائی کو بھی قتل کرنا پڑے تو دریغ نہیں کیا جاتا تھا۔ دشمنی نسلوں تک نبھائی جاتی لیکن انتہا پسندی، فرقہ واریت اور جنونیت کا دور دور تک نام ونشان نہیں تھا۔ افسوس آج پنجاب ایسا نہیں رہا۔ فرقہ پرستوں، دہشت گردوں اور جنونیوں پر خوف طاری کرنے والے حاکم رہے نہ عمال۔ سادہ لوح اور معصوم عوام کو قاتلوں، رہزنوں، ڈاکوؤں اور دہشت گردوں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ آج مجھے ایک پرانی حکایت یاد آ رہی ہے جو یقیناً بے سبب نہیں ہے۔ قارئین آپ بھی سنیے اور یاد رکھئے اسے پڑھ کر غمزدہ نہ ہوئیے گا۔

